درس بیست و هشتم — راشد منہاس' نشان حیدر

اٹھائیسواں سبق

مصنف: شیخ نوازش علی مرحوم

متنِ فارسی:

تاریخ درخشانِ اسلامی شاهد آن است که در مواقع بحرانی کودکان و جوانان ملت ما از بزرگسالان عقب نماندند و مثل آنها' شهامت بی نظیری را از خود نشان دادند.در غزوه بدر'معاذ و معوذ'با وجودی که از لحاظ سن خیلی کوچک بودند' بزرگترین دشمنِ اسلام ابوجهل را به قتل رسانیدند.محمد بن قاسم نیز که برسند متصرف شد و زمینه را برای تأسیس سلطنت اسلامی در شبه قاره هندو پاکستان هموار ساخت' سن زیادی نداشت. خوشبختانه ملت ما الان هم دارای جوانانی است که می توانند فداکاری کنند.

مشکل الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
درخشان	چمکدار	خیلی کوچک	بہت چھوٹا
شاهد	گواہ	سند	سندھ
مواقع بحرانی	ہنگامی حالات	متصرف شد	قبضہ کیا
کودکان	بچے	زمینه	میدان
بزرگسالان	بڑی عمر کے آدمی	تاسیس	قیام
عقب نماندند	پیچھے نہیں رہے	شبه قاره	برصغیر
شهامت	بہادری۔ دلیری	الان هم	اب بھی
سن	عمر	فداکاری	قربانی

☆☆☆

ترجمہ:

اسلام کی روشن تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ مشکل وقت میں ہماری قوم کے بچے اور جوان بزرگوں سے پیچھے نہیں رہے اور ان کی طرح بے مثال بہادری کا مظاہرہ کیا۔غزوہ بدر میں اس کے باوجود کہ معاذ اور معوذ عمر کے لحاظ سے بہت چھوٹے تھے انہوں نے اسلام کے سب سے بڑے دشمن ابوجہل کو قتل کیا۔محمد بن قاسم نے بھی جب سندھ پر قبضہ کیا اور برصغیر پاک وھند میں اسلامی سلطنت کے قیام کے میدان کو ہموار بنایا تو اس کی عمر زیادہ نہ تھی۔خوش قسمتی سے ہماری قوم اب بھی ایسے جوان رکھتی ہے جو قربانی دے سکتے ہیں۔

☆☆☆

متن فارسی:

راشد منهاس یکی از همین جوانان دلیر و جسور ما بوده است که روز جمعه بیستم ماه اوت سال ۱۹۷۱ میلادی در راه حفظ ناموس وطن'جان عزیزخود را از دست داد و پس از شهادت "نشان حیدر" را به دست آورد.نشان حیدر 'عالی ترین مدال نظامی پاکستان است و به افرادی ازنیروهای سه گانه پاکستان داده می شود که در اوضاع بسیار نامساعد 'کار فوق العاده ای را انجام میدهند. راشد منهاس از جوانترین قهرمانان پاکستان و شاید کوچکترین شجاعان جهان است که به احراز بزرگترین مدال نظامی نائل آمده اند. وی در موقع شهادت فقط بیست ساله بود.

مشکل الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
جسور	دلیر	ناساعد	ناسازگار
ناموس وطن	وطن کی عزت	فوق العادہ	غیر معمولی
مدال	میڈل۔تمغہ	قہرمان	سورما،ہیرو
نظامی	فوجی	احراز	حصول
نیرو	فوج	نائل آمد	کامیاب ہوا

☆☆☆

ترجمہ:

راشد منہاس ہمارے انہیں بہادر اور جراتمند جوانوں میں سے ایک ہیں کہ جس نے بیس اگست سن ۱۹۷۱ عیسوی بروز جمعہ وطن کی عزت کی حفاظت کے راستے میں اپنی جان عزیز قربان کردی اور شہادت کے بعد "نشان حیدر" حاصل کیا۔ نشان حیدر پاکستان کا سب سے بڑا فوجی تمغہ ہے اور پاکستان کی تین قسم کی افواج کے ان افراد کو دیا جاتا ہے جو بہت ہی ناسازگار حالات میں غیر معمولی کارنامہ انجام دیتے ہیں۔ راشد منہاس پاکستان کے نوجوان ترین سورماؤں اور شاید دنیا کے سب سے کم عمر بہادروں میں سے ہے جو سب سے بڑا فوجی تمغہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ وہ شہادت کے وقت صرف بیس برس کے تھے۔

☆☆☆

متنِ فارسی:

راشد منہاس در سال ۱۹۵۰ میلادی در کراچی بہ دنیا آمد. پدرش یک افسر بازنشستہ نظامی بود. او از دوران کودکی می خواست بہ خدمت نیروی ہوایی پاکستان درآید. پس از گرفتن دیپلم علوم در سال ۱۹۶۸ سہ سال مشغول تحصیل حرفہ ای در آکادمی نیروی ہوایی رسالپور بود و در ۱۹۷۱م بہ عنوان ستوان ہوایی فارغ التحصیل گردید. در ۱۹۷۱م جنگی بین پاکستان و ہندوستان آغاز شد. راشد منہاس آن روزہا تحت تربیت بود و دورہ کارآموزی رامیگذراند. روز جمعہ بیستم اوت ۱۹۷۱ م ہنگامی کہ در ہواپیمای جنگندہ ای با مربی خویش داشت پرواز می کرد، ناگہان احساس کرد کہ مربی خائن او می خواہد ہواپیما را بہ سوی کشور دشمن ہدایت کند. ہمینکہ از خیانت مربی خویش آگاہ شد تصمیم گرفت کہ بہ ہیچ وجہ نگذارد کہ این نقشہ ناجوانمردانہ عملی بشود.

مشکل الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
بہ دنیا آمد	پیدا ہوا	دورہ	کورس
بازنشستہ	ریٹائرڈ	کارآموزی	ٹریننگ
کودکی	بچپن	ہواپیمای جنگندہ	جنگی جہاز
دیپلم علوم	ایف ایس سی	مربی	تربیت دینے والا
تحصیل حرفہ ای	پیشہ ورانہ تعلیم	خائن	غدار
آکادمی	اکیڈمی	نقشہ	سازش
بہ عنوان	کے طور پر	ناجوانمردانہ	بزدلانہ

☆☆☆

٥

ترجمہ:

راشد منہاس سن ۱۹۵۰ عیسوی میں کراچی میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد ایک ریٹائرڈ فوجی آفیسر تھے۔ وہ بچپن سے چاہتے تھے کہ پاکستان کی ہوائی فوج میں سروس کریں۔ ۱۹۶۸ میں ایف ایس سی کرنے کے بعد ایرفورس اکیڈمی رسالپور میں تین سال تک پیشہ ورانہ تعلیم حاصل کرنے میں مشغول رہے اور سن ۱۹۷۱ عیسوی میں فلائٹ لفٹیننٹ کے طور پر تعلیم مکمل کی۔ ۱۹۷۱ عیسوی میں پاکستان اور ہندوستان کے درمیان جنگ شروع ہوئی۔ راشد منہاس ان دنوں زیر تربیت تھے اور ٹریننگ کورس کر رہے تھے۔ جمعہ کے دن بیس اگست ۱۹۷۱ عیسوی کو جب وہ ایک لڑاکا طیارے میں اپنے تربیت کرنے والے استاد کے ساتھ پرواز کر رہے تھے کہ اچانک ان کو احساس ہوا کہ تربیت دینے والا غدار ہوائی جہاز کو دشمن کی سرزمین کی طرف لے جانا چاہتا ہے جیسے ہی وہ تربیت دینے والے کی خیانت سے آگاہ ہوئے انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ یہ بزدلانہ سازش کسی طور کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

☆☆☆

متن فارسی:

بدین ترتیب کشمکش. شدیدی بین مربی خائن و سرباز جوان آغاز شد. هر اندازه ای که هوا پیمای نیروی هوایی پاکستان به خاك دشمن نزدیک تر می شد' همان اندازه 'معرکه گیر و دار بین مربی خیانتکار و راشدِ فداکار گرمتر می شد. حالا کوچکترین فرصت درنگ نمانده بود. راشد تصمیم قاطعی گرفته بود. وی با سعی هرچه تماتر' هواپیمای خود را رو به زمین کرد که درظرفِ چند ثانیه، در خاكِ پاكِ ما سقوط کرد و منفجر شد. راشد منهاس این مسابقه زندگی و مرگ را برد. جان شیرینش را باخت ولی زندگانی جاوید یافت و فرد فردِ ملت پاکستان را سربلند و مفتخر ساخت. درود برروحِ پاك راشد که باشجاعتِ کم نظیرخود' سرمشقی شان تقلید برای جوانان باحمیت میهن ما ' ازخود باقی گذاشت.

مشکل الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
بدین ترتیب	اس طرح	منفجر شد	پھٹ گیا
سرباز	سپاہی	مسابقہ	مقابلہ
ہمان اندازہ	اس قدر	باخت	ہار گیا
معرکہ	جنگ	برد	جیت گیا
مرز	سرحد	مفتخر	صاحب فخر
تصمیم قطعی	قطعی فیصلہ	سرمشق	نمونہ
ثانیہ	سیکنڈ	شان تقلید	قابل تقلید

☆☆☆

ترجمہ:

اس طرح تربیت دینے والے غدار اور نوجوان سپاہی کے درمیان شدید کشمکش شروع ہوگئی۔ جوں جوں پاکستان ایرفورس کا طیارہ دشمن کی سرزمین کے نزدیک تر ہوتا گیا توں توں خیانت کار تربیت دینے والے اور جانثار راشد کے درمیان مقابلہ شدید تر ہوتا گیا۔ طیارہ لحہ بہ لحہ دشمن کی سرحد سے نزدیک تر ہوتا جا رہا تھا۔ اب تاخیر کی چھوٹی سے فرصت بھی باقی نہ رہی تھی۔ راشد نے قطعی فیصلہ کر لیا تھا۔ اس نے اپنی پوری کوشش کے ساتھ اپنے ہوائی جہاز کا رخ زمین کی طرف کر دیا جو چند سیکنڈ کے اندر ہماری پاک سرزمین پر گر گیا اور پھٹ گیا۔ راشد منہاس نے یہ زندگی اور موت

www.downloadclassnotes.com

کا مقابلہ جیت لیا۔اس نے اپنی شیریں جان ھاردی لیکن ہمیشہ رہنے والی زندگی پالی اور پاکستانی قوم کے ہر فرد کو سر بلند اور فخر کرنے والا بنادیا۔راشد کی پاک روح پر درود جس نے اپنی بے مثال جرأت کے ساتھ ہمارے وطن کے غیور نوجوانوں کیلئے قابلِ تقلید نمونہ پیچھے چھوڑا۔

تمرین کا حل

(۱)

سوال ۱: معاذ، معوذ اور محمد بن قاسم کون تھے؟

جواب: معاذ اور معوذ بھائی تھے جنہوں نے کم عمری میں اسلام کے سب سے بڑے دشمن ابوجہل کو غزوہ بدر میں قتل کیا۔محمد بن قاسم حجاج بن یوسف کا بھتیجا تھا جس نے کم عمری میں سندھ کو فتح کیا اور یہاں اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی۔

سوال ۲: نشان حیدر کسے کہتے ہیں؟

جواب: نشان حیدر پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز اور تمغہ ہے۔ یہ تمغہ بری، بحری اور ہوائی فوج کے جوانوں کو ناسازگار حالات میں غیر معمولی کارنامے انجام دینے پر دیا جاتا ہے۔

سوال ۳: راشد منہاس کیسے شہید ہوئے؟

جواب: راشد منہاس ایک طیارے میں تربیت دینے والے استاد کے ساتھ پرواز پر تھے کہ تربیت دینے والے غدار نے طیارہ دشمن کی سرزمین میں لے جانے کی کوشش کی جس پر راشد منہاس اور تربیت دینے والے غدار کے درمیان لڑائی شروع ہوگئی۔آخر کار راشد منہاس نے اپنی پوری کوشش کے ساتھ طیارے کا رخ زمین کی طرف موڑ دیا جس کے نتیجہ میں طیارہ پاکستان کی سرزمین پر گرا اور پھٹ گیا۔اس طرح راشد منہاس شہید ہوگئے۔

سوال ۴: شہادت کے وقت ان کی عمر کیا تھی؟

جواب: شہادت کے وقت ان کی عمر تقریباً بیس سال تھی۔

سوال ۵: اس واقعے سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

جواب: اس واقعے سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ اپنے ملک اور قوم کی عزت اور سر بلندی کیلئے ہمیں کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیے۔

(۲)

سوال ۱: مندرجہ ذیل افعال کی شناخت کیجئے۔

انجام می دھند۔ پرواز می کرد۔ داشت نزدیکتر می شد۔ نخواھد گذاشت۔ نماندہ بود۔

جواب:

جملے	فعال
انجام می دھند (انجام دیتے ہیں)	فعل مضارع اخباری
پرواز میکرد (پرواز کرتا تھا)	ماضی استمراری
داشت نزدیکتر میشد (نزدیکتر ہو رہا تھا)	ماضی جاری
نخواھد گذاشت (نہیں چھوڑے گا)	فعل مستقبل
نماندہ بود (نہیں رہا تھا)	ماضی بعید

سوال ۲: "دیپلم" "اوت" اور آکادمی جیسے لفظوں کو مفرس [فارسی بنایا گیا] کہا جاتا ہے۔ایسے پانچ الفاظ اور لکھیے۔

جواب: مفرس الفاظ

www.downloadclassnotes.com

۱۔تلفن	(ٹیلی فون)	۲۔فاکس	(فیکس)
۳۔تلگراف	(ٹیلی گراف)	۴۔پست	(ڈاک)
۵۔دسامبر	(دسمبر)	۶۔ژاپن	(جاپان)
۷۔ماشین	(کار یا مشین)		

سوال ۳: سبق کے جمع الفاظ الگ لکھیے۔

جواب: مواقع (موقع کی جمع) — کودکان (کودک کی جمع)
جوانان (جوان کی جمع) — بزرگسالان (بزرگ سال کی جمع)
افراد (فرد کی جمع) — نیروھا (نیرو کی جمع)
اوضاع (وضع کی جمع) — قہرمانان (قہرمان کی جمع)
شجاعان (شجاع کی جمع)

معروضی سوالات

1: کثیر الانتخابی سوالات (Multiple Choice Questions)

☆ ہر سوال کے نیچے چار ممکنہ جواب دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ درست جواب پر نشان (✓) لگائیے:

-1 ☆ابوجہل کس غزوہ میں مارا گیا؟
(الف) غزوہ احد (ب) غزوہ خندق (ج) غزوہ بدر ✓ (د) غزوہ تبوک

-2 ☆کس نوجوان نے سندھ پر حملہ کرکے برصغیر پاک و ہند میں اسلامی سلطنت کے قیام کی راہ ہموار کی؟
(الف) طارق بن زیاد (ب) محمد بن قاسم ✓ (ج) محمود غزنوی (د) مسعود غزنوی

-3 ☆راشد منہاس نے کون سا تمغہ حاصل کیا؟
(الف) اعزاز فضیلت (ب) نشان حیدر ✓ (ج) ہلال جرأت (د) نشان جرأت

-4 ☆شہادت کے وقت راشد منہاس کی عمر تھی؟
(الف) سترہ برس (ب) اٹھارہ برس (ج) انیس برس (د) بیس برس ✓

-5 ☆راشد منہاس نے اپنی جان دے کر کیا حاصل کیا؟
(الف) مال و دولت (ب) رتبہ اور مقام (ج) ہمیشہ رہنے والی زندگی ✓ (د) جائیداد

☆☆☆☆☆